Level 2

بہت شور ہے

Original Publisher: Pratham Books
Author: Rohini Nilekani
Illustrator: Angie & Upesh
Translator: Sheen Bano

ایک روز ، سرینگری سرینیواس کسان اپنی اچھی گائیں لیکر میلے کی طرف چلا۔ اسے گاؤں کے پاس نئے بنے ہوئے شاہ راہ (ہائی وے) پر چل کر جانا تھا۔

شاہ راہ پر بہت کاریں اور ٹرک تھے۔ سب ڈرائیور زور سے ہارن بجا

رہے تھے۔ پاؤں! پوں! پاں!

گایوں کو شور اچھا نہیں لگ رہا تھا۔ وہ گھر واپس لوٹنے لگیں۔

اُسنے ڈرائیوروں کو خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔ کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اسے دیکھ کر وہ اور زور سے ہارن دینے لگے۔ شور سیدھا اسکے دماغ میں جارہا تھا۔ اسکے لیئے آج برا دن تھا۔ وہ اپنی گایوں کے ساتھ گھر واپس چلا گیا۔

مووووو ! گائیں باڑے میں آکر خوش تھیں۔

لیکن شور سری نیواس کے سر سے نہیں نکل رہا تھا۔ پاؤں! پاں! پوں!

یہ موسیقار کے بینڈ کی طرح بجتا رہا۔

اسکے آس پاس کا شور بھی ساتھ میں مل رہا تھا۔ جو شور وہ روزانہ سنتا تھا

وہ بھی بہت زیادہ لگ رہا تھا۔

یینڈک کی ٹرٹر کا شور تھا۔ جھینگے کی کرکر بھی زوردار لگ رہی تھی۔ سری نیواس اُلّوؤں کو بھی بھگانا چاہتا تھا۔ وہ کوئل کی کوک سے بھی ناراض تھا۔

اور وہ صبح پانچ بجے گایوں کی پکار سے پریشان تھا۔ مرغا کیوں بانگ دے رہا تھا؟

اور وہ چیتا کیوں دھاڑ رہا تھا، بہت ہو گیا!

بیچارا سری نیواس۔ اسکے کان زخمی ہو گئے تھے۔ وہ سبکو خاموش کرنا چاہتا تھا۔ بچے زور سے بولتے تو وہ ڈانٹتا۔

وہ اپنی بیوی پروتماؔ کو گھورتا جب پریشر کوکر کی سیٹی بار بار بجتی تھی۔

سری نیواس کو خاموشی چاہیئے تھی۔ سب اسکی مدد کرنے کی کوشش کرتے۔ بچے بہت خاموشی سے کھیلتے۔ پر وتمّا بچوں کو نہیں ڈانٹ رہی تھی۔

گائیں نہیں بول رہی تھیں۔

جھینگے اور اُلوّ دوسرے گاؤں چلے گئے۔

چیتا بھی نہیں دہاڑ رہا تھا۔

پھر بھی سری نیواس خوش نہیں تھا۔ اسے سبکے خاموش رہنے پر بھی آواز سنائی دے رہی تھیں۔

“میں اس جگہ سے چلا جاؤنگا،” ایک صبح اُسنے فیصلہ کیا۔

“مہربانی کرکے نہ جاؤ،” پروتمّاّ نے کہا، ”تمہیں خاموشی کہاں ملیگی؟”

سری نیواس نے گھور کر دیکھا اور اُٹھ کر چل دیا۔

جلد ہی وہ ایک نئے شہر پہنچ گیا۔ اُسنے شور کرتے لوگوں کو شہر میں دیکھا اور پریشان ہوا کہ اب کیا کرے ۔ تبھی ایک جوان آدمی گزرا، اسکے کانوں سے تار لٹک رہے تھے۔ سری نیواس کو کچھ ''ٹنگ ڈانگ، ٹنگ ڈانگ '' کی آواز بھی سنائی دی۔ وہ آدمی بہت خوش لگ رہا تھا۔ وہ دیکھ بھی نہیں رہا تھا کہ ٹرک قریب سے ہارن بجاتے گزر رہے ہیں۔

"یہ کیا ہے؟" اُسنے آدمی سے پوچھا۔

"یہ میرا ہیڈ فون ہے، لو لگا کر دیکھو۔"

اُسنے سری نیواس کہ لگا دیا۔ موسیقی! ٹنگ ڈینگ ٹنگ ڈینگ۔ اور کوئی شور نہیں۔ "آہا! مجھے بھی اسی کی ضرورت ہے،" اُسنے کہا۔

سری نیواس شہر کے بازار گیا اور ایک بہت اچھا سا ہیڈ فون اپنے لیئے خرید کر کانوں پر لگا لیا۔ آخر کار۰۰۰۰۰اب کوئی شور نہیں !

وہ اپنے گاؤں واپس آگیا، اپنے نئے ہیڈ فون کے ساتھ۔

اسکی بیوی اسے دیکھ کر خوش ہوگئی اور سری نیواس نے بھی
اسے مسکُرا کر دیکھا۔
اسکے بچوں نے اسکے حیڈ فون میں اچھی میوزک لگانے میں مدد کری۔

اب اگر سری نیواس کو کار کا شور یا مینڈک کی ٹرٹر بری لگتی تو وہ اپنا ہیڈ فون لگا کر خاموشی کو سنتا یا کوئی اچھا میوزک۔

گاؤں میں پھر سے گائیں بولتیں، کوئل شور کرتی، مرغا بانگ دیتا اور جھینگر کرِ کرِ کرتے رہتے۔

لیکن شاہ راہ پر کاریں اب بھی بہت شور کرتیں۔ پاؤں ! پوں ! پاں ! یہ اچھی آواز نہیں ہے۔

سری نیواس کو اپنی گایوں کو پھر میلے لیکر جانا ہے۔ کیا انہیں بھی حیڈ فون چاہیئے ہوگا؟

Images Attributions:

Page 11: Man walking away from home, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 12: Angry man, walking, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 13: Man watching another man walk by with his headphones on , by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 14: Man walking through traffic with his headphones on , by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 15: Man comes home wearing headphones , by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 16: Woman cooking in the kitchen, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 17: Man walking through a farm with his headphones on, by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 18: Man and cows with headphones on , by Angie & Upesh © Pratham Books, 2014. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

بہت شور ہے

(English-Urdu)

سری نیواس کسان کو اپنی گائیں نئی شاہ راہ ہو کر جانوروں کے میلے میں جانا تھا۔ کسان بیچارے کو ہارن کا شور بہت برا لگ رہا تھا۔ کیا آپ کے پاس اس پریشانی کا کوئی حل ہے ؟

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.